باہم مل کر ترقی کرنا

کورس 105
ایذا رسائی



جو بات مَیں نے تُم سے کہی تھی اُسے یاد رکھّو کہ نَوکر اپنے مالِک سے بڑا نہیں ہوتا۔
اگر اُنہوں نے مُجھے ستایا تو تُمہیں بھی ستائیں گے۔

یوحنا 15: 20 الف

www.ProgressingTogether.com
info@progressingtogether.com
November 2022

کورس 105: ایذا رسائی

سبق کے مقاصد

1. مسیح پر ایمان کی وجہ سے ایذا رسانی کی اُمید رکھنا اپنی زندگیوں میں خدا کے نیک منصوبہ کا ایک حصہ سمجھنا چاہیے۔
2. درست کام کرنے کا عزم کرنا اور اپنے دُکھ پہنچانے والوں میں انجیل کی منادی کرنا۔
3. مسیح کے نام پر دُکھ اٹھانے کا اعزاز پانے کی خوشی منانا۔
4. تمام حالات میں اپنے باپ کی پیار بھری دیکھ بھال اور عدل و انصاف پر بھروسہ کرنا۔

اسباق

❶	ہمیں کوئی بھی چیز خدا کی محبت سے جدا نہیں کر سکتی!
❷	ایذا رسانی ایک حتمی حقیقت
❸	ہماری ترجیح : مسیح تمام چیزوں سے بالا تر
❹	رسولوں کا: ایذا رسانی کے لیے جواب
❺	یسوع، ہمارے لیے ایذا رسانی کی ایک مثال

تعارف

یسوع ہم سے کہتا ہے: ”مَیں نے تمہیں اِس دنیا میں سے چُن لیا ہے“ ۔خداوند یسوع کی پیروی کرنے والوں کے لیے، ایذا رسانی کئی شکلوں میں آتی ہے: ہمارے ایمان کی تضحیک یا توہین سے لے کر، ملازمت سے دور رکھنا یا ملازمت سے انکار، جسمانی طور پر مار پیٹ سے لے کر تشدد کا نشانہ بننے تک۔ لیکن اِن سب باتوں کا منبع اس نفرت میں ہے جو یہ دنیا خداوند یسوع اور اُس سے محبت کرنے والوں کے ساتھ کرتی ہے۔

اس کورس کا مقصد ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دینا ہے کہ یسوع مسیح پر ایمان رکھنے والوں کو کیوں ستایا جاتا ہے، ہمارا رویہ جبر و تشدد کے خلاف کیسا ہونا چاہیے، اور جب ہم پر ظلم کیا جاتا ہے تو خداوند ہم سے کیسا رہنے کی اُمید کرتا ہے۔

گواہی

گروپ لیڈر آپ کو اِس کورس کے اِس عنوان سے متعلقہ ایک گواہی دیکھنے یا سُننے کو کہے گا۔

✧

سبق ❶ : ہمیں کوئی بھی چیز خدا کی محبت سے جدا نہیں کر سکتی!

نام:_____ تاریخ:

_____

سبق کے مقاصد

1. یہ سمجھ لینا کہ ہمیں کوئی بھی چیز خدا کی محبت سے جدا نہیں کر سکتی۔
2. ایمانداروں کے لیے خدا کے اہداف کو گلے لگانا تاکہ اُس کی شبیہ میں بڑھتے جائیں۔
3. خوش ہونا کہ خدا برائی مین سے بھلائی پیدا کرتا ہے ۔

✧

دھیان سے پڑھیں رومیوں 8: 14-39

آیت35-39 میں پولُس ایسی بیشتر چیزوں کی فہرست پیش کرتا ہے جن کے بارے میں کچھ لوگ سوچتے ہیں کہ وہ ہمیں مسیح کی محبت سے جدا کر سکتی ہیں۔

نیچے دیئے گئے چارٹ میں ہر ایک کو اپنے الفاظ میں درج کریں اور اس کی وضاحت کریں۔

ممکنہ دھمکی	وضاحت
مشکل یا تکلیف	اذیت، پریشانی ، نقصان
ایذا رسائی	
	خوراک کی کمی
خوف یا خطرہ	
	سزائے موت کا خطرہ (اکثر ریاستی اداروں اور ایجنسیوں کی طرف سے ، دیکھیں رومیوں 13: 4) یا عام طور پر اذیت ناک موت
فرشتے اور بدروحیں یا ریاستیں اور اختیار والے	

	ممکنہ طور ر فرشتےاور بدروحیں جو زمین کی قوتوں اور اختیار والوں پر اثر انداز ہوتی ہیں

اپنی زندگی میں آپکو اِن میں سے کون سا تجربہ ہوا ہے؟ مختصراً بیان کریں کیا ہوا تھا؟

مستقبل میں خدا کے پاس ہمارے لیے اور کون سی برکات ہیں؟

آپ کے خیال میں پولُس رسول اِن برکات کو بیان کرنے کے لیے 'جلالی' کا لفظ کیوں استعمال کرتا ہے (آیات 17 سے 23)

خدا یہ کس کے لیے کہتا ہے کہ تمام چیزیں مل کر بھلائی پیدا کرتی ہیں؟ (آیت 28)۔

کیا آپ کا لوگوں کی اِس جماعت سے تعلق ہے؟ اگر آپ ہاں کہتے ہیں ، تو آیت 28-30 کے مطابق یہ سب کچھ کیے ہوا؟

خدا نے ہمیں پہلے سے کس لیے مقرر کر رکھا ہے؟ (آیت 29)

آیت (8: 29) یہ حقیقت جاننے میں ہماری کس طرح سے مدد کرتی ہے، کہ خدا کے بلائے ہوؤں کے لیے 'تمام چیزیں مل کر بھلائی کے ل یے کام کرتی ہیں؟

جب اس دنیا کی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے تو یہ حوالہ آپ کو ذاتی طور پر کیا یقین دہانی کراتا یا تسلی دیتا ہے؟

یعقوب کے بیٹے یوسف کی زندگی پرانے عہد نامہ میں رومیوں 8: 28 کی جیتی جاگتی مثال ہے ۔ آپ اِس کی متوازی آیت کو پیدائش 50: 20 میں پڑھ سکتے ہیں۔

خالی جگہیں پر کریں ۔ یوسف کے درج ذیل الفاظ، جو ناانصافی اور مصائب کے اپنے تجربے کی بنیاد پر کہے گئے ، رومیوں 8: 28 کو بڑھاتے ہوئے ہمیں بتاتے ہیں کہ:

جو اُس سے پیار کرتے ہیں خدا اُن کی بھلائی کے لیے برائی کو بھی استعمال کرتا ہے ۔

آپ یوسف کی کہانی پیدائش باب 37 اور 39-50 میں پڑھ سکتے ہیں ۔

متبادل سرگرمیاں

1. ہمارے لیے خُدا کی ثابت قدم محبت اور اُس کی شاندار برکات کے بارے میں پرستش کا گیت گائیں۔ اس کی حمد کرو کہ کوئی چیز ہمیں اس کی محبت سے جدا نہیں کر سکتی۔ آپ نیچے دی گئی فہرست میں سے یا اپنی پسند کا کوئی اور گیت منتخب کر سکتے ہیں:
   - سٹیزن وے کی طرف سے ہمیں کوئی چیز خدا سے کبھی جدا نہیں کر سکتی ۔
   - لوسی گرمبل کی طرف سے کچھ بھی جدا نہیں کر سکتا۔
   - کیتھ اور کرسٹن گیٹی کی طرف سے وہ مجھے مضبوطی سے تھام لے گا۔
   - الفاظ ایس ٹی فرانسس ، اور طرز ٹی جے ولیم کی طرف سے اَے یسوع کی گہری محبت ۔

یوسف کی کہانی سنیں یا کہانی سنانے والی فلم دیکھیں۔ (یقینی بنائیں کہ یہ بائبل کے اعتبار سے درست ہے۔) پھر، ایک گروپ کے طور پر اِس پر گفتگو کریں کہ ہم اس کہانی کے ذریعے خُدا کے بارے میں اور مشکل وقت میں یوسف کے رویے سے کیا سیکھ سکتے ہیں۔

اطلاق

1. باہم ملکر خوشی منائیں !!! اپنی مثال بیان کریں کہ کس طرح سے خدا نے آپ کی زندگی میں برائی کو اچھائی میں بدل دیا۔ پھر ہماری مشکلات میں اُس کی قوت اور محبت ظاہر ہونے کے لیے مل کر خدا کی ستائش کریں۔
2. اس حوالے کی ایک اہم آیت رومیوں 8: 28 ہے۔ آزمائش کے وقت روحانی مدد کے لیے اس آیت کو زبانی حفظ کریں ۔ آنے والے دنوں میں اس آیت کو باقاعدگی سے دہرائیں۔
3. اگر گروپ میں کسی پر اس وقت تشدد ہو رہا ہے تو انہیں کہیں کہ وہ اِس در پیش ایذا رسائی کو سب کے سامنے بیان کریں۔ (اگر کوئی بھی ایذا رسائی کا شکار نہیں ہیں تو پھر ، ان بھائیوں اور بہنوں کے بارے میں بیان کریں جن کو اِس مشکل کا سامنا ہے)۔ ان کے لیے مل کر دعا کریں اور خدا سے کہیں کہ وہ انہیں رومیوں 8: 38-39 میں اپنے وعدوں کی یقین دہانی سے معمور کرے۔ آنے والے دنوں میں جو ظلم ہو رہے ہیں اُس کے لیے دعا کرتے رہیں۔ اگر آپ عملی طریقوں سے ان کی مدد کر سکتے ہیں، تو ایسا کریں۔

دوسروں کو بتانا

اِس ہفتہ اِس سبق میں آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اُسے دوسروں کو بتائیں۔ آپ اِس سبق کا مطالعہ کسی دوسرے کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔

سبق ❷ : ایذا رسانی ایک حتمی حقیقت

نام:_____ تاریخ: _____

سبق کے مقاصد

1. یہ سمجھنا کہ دنیا مسیحیوں سے نفرت کیوں کرے گی اور اُنہیں کیوں ستائے گی۔
2. اُن برکات کو سراہنا جو ایذا رسائی کی وجہ مل سکتی ہیں۔
3. اُن کے لیے دعا کرنا اور پیارکرنے کا عزم کرنا جو اُن کو ستاتے ہیں۔

✧

آپ آگے کو کیسے چل رہےہیں؟

1. گزشتہ سبق کے اہم نکات کیا تھے؟
2. جو کچھ آپ نے سیکھا جب دوسروں کو بتایا تو کیا رونما ہوا؟
3. اِن تعلیمات کے نتیجہ میں آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی؟

پڑھیں یوحنا 15: 18 سے 16: 4 اور 5: 10-12، اور 43-45

تین وجوہات بیان کریں کہ دنیا یسوع کے پیروکاروں سے نفرت کیوں کرتی ہے۔ اپنے جواب کی بنیاد یسوع کے الفاظ کو بنائیں جو اُس نے یوحنا 15: 18-21 میں کہے۔

یوحنا 15: 21 میں یسوع کو بھیجنے والا کون ہے؟ درست جواب پر ٹِک کا نشان لگائیں۔

- ☐ خدا باپ
- ☐ روح القُدس
- ☐ جبرائیل فرشتہ

یسوع نے کہا، ''وہ میرے نام کی خاطر تمہیں ستائیں گے۔'' وضاحت کریں کہ آپ کی ذاتی زندگی میں یہ کس طرح سے سچ ہے۔

یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ یسوع کے پیروکاروں کو قتل کرنے والے سوچتے ہوں کہ ایسا کرنے سے وہ خدا کی خدمت کر رہےہیں؟ اپنے جواب کی بنیاد یوحنا 16: 1-4 کو بنائیں۔

جب ہم ستائے جاتے ہیں تو خدا ہم سے برکتوں کا وعدہ کرتا ہے، اِس کی وجہ کیا ہے ؟ (دیکھیں متّی5: 10-12 اور مزید دیکھیں 1 پطرس 3: 13-15)

کیا آپ ایذا رسائی کی وجہ سے خد کی برکات دینے کی کچھ مثالیں دے سکتے ہیں؟

وہ آپ سے کس قسم کی برکت کا وعدہ کرتا ہے؟

متّی 5: 44-45 کے مطابق ہمیں اُن کے ساتھ کیا کرنا چہیے جو ہمیں ستاتے ہیں؟

کیوں؟

متبادل سرگرمیاں

1- متّی 5 کی دونوں عبارتوں کو دوبارہ سنیں۔ اور بطور گروپ گفتگو کریں کہ 'یسوع کی کون سے عملی باتیں اپ کی زندگی پر اثر انداز ہوئی ہیں۔ دع کریں کہ آنے والے دنوں میں آپ اِن پر عمل پیرا ہو پائیں۔

2- اِن دونوں عبارتوں کو زبانی یاد کریں۔ پھر ایک ڈرامہ پیش کریں جس میں آپ ایذا رسائی سے گزرنے والے شخص کو اِن تعلیمات کے بارے میں یاد دلاتے ہوئے حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

اطلاق

1- مسیح کو ، اس کی نجات اور باپ کو جس نے اسے بھیجا ہے، جاننے کا ہمیں جو شاندار اعزاز حاصل ، اس پر ایک ساتھ مل کر غور کریں۔ ان برکات کے لیے خدا کا شکر ادا کریں اور اُس کی ستائش کریں ۔ اُس سے کہو، اُس کے نام پر ہمیں جتنی بھی مشکلیں برداشت کرنی پڑتی ہیں وہ اُس کے لائق ہے۔

2- ان لوگوں کی فہرست بنائیں جنہوں نے آپ کو ستایا ہے (اور مختصراً بیان کریں کہ انہوں نے کیا کیا)۔ خدا سے پوچھیں کہ وہ آپ پر ظاہر کرے کہ آپ کو ان کے لیے کیسے دعا کرنا ہے ، اور پھر ویسا ہی کریں۔

3- اس ہفتے، اپنی پسند کی ایک اہم آیت حفظ کریں جو ایذا رسانی کے حوالہ سے آپ کی اور/یا دوسروں کی حوصلہ افزائی کر سکے۔ آئندہ دنوں میں اس آیت کو باقاعدگی سے دہرائیں۔

دوسروں کو بتانا

اِس ہفتہ اِس سبق میں آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اُسے دوسروں کو بتائیں۔ آپ اِس سبق کا مطالعہ کسی دوسرے کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔

سبق ❸ : ہماری ترجیح: یسوع تمام چیزوں سے بالا تر

نام:_____ تاریخ: _____

سبق کے مقاصد

1. ستائے جانے والے ایمانداروں کےآگے خدا کے وعدوں کی وضاحت کرنا۔
2. قیمت چاہے کچھ بھی ہو مسیح کے گواہ بننے کا عزم کرنا۔
3. ہر چیز سے زیادہ یسوع سے پیار کرنے کا عزم کرنا۔

✧

آپ آگے کو کیسے چل رہےہیں؟

1. گزشتہ سبق کے اہم نکات کیا تھے؟
2. جو کچھ آپ نے سیکھا جب دوسروں کو بتایا تو کیا رونما ہوا؟
3. اِن تعلیمات کے نتیجہ مٰن آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی؟

دھیان سے پڑھیں مرقس 8: 31-38 اور متّی 10: 16-39

بہترین جواب پر ٹک کا نشان لگائیں۔ مرقس 8: 34-38 میں یسوع کہتا ہے کہ ہمیں اپنی صلیب اُتھا کر اُس کی پیروی کرنی ہے۔ سیاق کے مطابق اِس کے معنی بنتے ہیں:

- ☐ کہ مجھے یسوع کی طرح مصلوب ہو کر شہید کی موت مرنا ہے ۔
- ☐ کہ مجھے اپنے ذاتی منصوبوں اور مفاد کے لیے مرنا ہے، اور یسوع اور انجیل کے لیے جینا ہے۔
- ☐ کہ مجھے اپنی زندگی میں ایک لکڑی کی صلیب اُٹھا کر پھرتے رہنا ہے یا گلے میں ایک صلیب لٹکا کر رکھنا ہے۔

یسوع اور اُس کے کلام سے شرمانے کے کیا معنی بنتے ہیں؟ (مرقس 8: 38)۔

ایک عملی مثال پیش کریں.

متّی 10: 16 کی اپنے الفاظ میں وضاحت کریں

متّی 10: 17-20 کے مطابق، خدا کس وجہ سے ہمیں حکومتی عہدیداروں کے آگے پیش کرنے کی اجازت دیتا ہے؟

ہمیں کس بات کا فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے؟

دوبارہ پڑھیں متّی 10: 28-39

آیات 28 اور 31 کے مطابق ہمیں کس سے درنا نہیں ہے اور کیوں؟

لوگوں کے آگے یسوع کا اقرار کرنے کی ایک مثال پیش کریں (آیت 32).

ایک مثال پیش کریں ک ہم لوگوں کے آگے یسوع کا انکار کس طرح سے کر سکتے ہیں؟(آیت 33)

متّی 10: 37-39 اگلی آیات 34-36 کو سمجھنے کے لیے ایک اہم کنجی ہے - ہمیں سب چیزوں سے بڑ کر یسوع سے پیار کرنا ہے ، اپنے خاندان اور اپنی جان سے بھی زیادہ۔ اِس کا یہ مطلب نہیں کے ہم انہیں پیار کرنا چھوڑ دیں بلکہ ہمیں یسوع سے زیادہ پیار کرنا ہے -

اگر ہم اِسی طرح سے زندگی گزارتے ہیں تو اِس کا کیا نتیجہ ہوگا؟ (آیت 36) -

متبادل سرگرمیاں

1- ایک گروپ کے طور پر، ایک ڈرامہ چلائیں جس میں دو افراد کو مختلف رویوں کے ساتھ ایذا رسانی کا سامنا کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے: پہلے نے دوسرے لوگوں نے خدا کے مقابلہ میں چیزوں کوترجیح دی ہے (شریک حیات، خاندان، ملازمت، معاشرے میں عزت، مستقبل، مالی حالات ، اپنی زندگی، وغیرہ) . دوسرا خدا کو ترجیح دیتے ہوئے اوّل رکھتا ہے - دونوں رویوں کے نتائج بتائیں۔ پھر، انفرادی طور پر خدا سے دعا کریں کہ اگر آپ نے خدا کو اوّل نہیں رکھا ہے تو وہ آپ کو معاف کرے اور اُس سے مانگیں کہ وہ آپکو اپنی زندگی کے اِس حلقہ میں فتح حاصل کرنے میں مدد کرے۔

2- اپنی زندگیوں میں یسوع کو اولّین ترجیح دینے کے اعلان پر مبنی پرستش کا ایک گیت گائیں۔ آپ اِس فہرست میں سے یا اپنی پسند کا کوئی گیت بھی گا سکتے ہیں - :

- کیتھرین اسکاٹ کی طرف سے یسوع صرف تو ہی تو
- بیت ایل کی طرف سے خدا کی بھلائی
- وہی ہے جسے میں سب سے عزیز جانتا تھا
- کنگڈم راک کی طرف سے باہم مل کر کھڑے رہیں

– سیلاہ کی طرف سے صلیب کے لوگ

''مَیں نے یسوع کی پیروی کا فیصلہ کر لیا ہے'' گیت کے پس منظر میں دیکھیں کہانی کو دوبارہ بیان کرنے والی ویڈیو پھر خدا سے دعا کریں کہ ہر قیمت پر یسوع کی پیروی کرنے میں مدد کرے۔ پھر اِس گیت کو دعائیہ رو میں گائیں۔

اطلاق

1. ایسے مواقع کے بارے میں سوچیں جہاں آپ کو اپنے خاندان کے ارکان کی توقعات کے مطابق ہونے کے بجائے مسیح کی تعلیمات پر عمل کرنے کا انتخاب کرنا پڑا ہو۔ ان کو گروپ کے ساتھ شیئر کریں۔ آپ کے فیصلہ کا کیا نتیجہ نکلا؟ پھر، ایک دوسرے کے لیے دعا کریں۔

2. دعا کریں اور خدا سے مانگیں کہ وہ آپ کو دکھائے کہ کیا آپ کچھ کرنے سے ڈرتے ہیں یا اگر کسی طرف سے تشدد کی وجہ سے کسی سے ڈرتے ہیں۔ دو افراد کے گروپوں میں، خدا نے آپ پر جو کچھ ظاہر کی ہے اُسے دوسروں کو بتائیں اور دعا کریں کہ آپ کو اس خوف سے نجات مل سکے ۔ پورے ہفتے میں، اگر آپ خوف زدہ ہو تے ہیں تو متی 10: 28الف اور 31 کا مطالعہ کریں : ''جو بدن کو قتل کرتے ہیں اور رُوح کو قتل نہیں کر سکتے اُن سے نہ ڈرو بلکہ اُسی سے ڈرو جو رُوح اور بدن دونوں کو جہنّم میں ہلاک کر سکتا ہے۔ تُمہاری قدر تو بُہت سی چڑِیوں سے زِیادہ ہے''۔

دوسروں کو بتانا

اِس ہفتہ اِس سبق میں آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اُسے دوسروں کو بتائیں۔ آپ اِس سبق کا مطالعہ کسی دوسرے کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔

سبق ❹ : ہماری ترجیح: یسوع تمام چیزوں سے بالا تر

نام:_____ تاریخ: _____

سبق کے مقاصد

1. اعلیٰ حکام کی طرف سے ایذا رسائی پر رسولوں اور ابتدائی کلیسیا کے ردعمل کو سمجھنا۔
2. ایمان کی گواہی دینے کے جرم میں حکام کے آگے پیش ہونے کے لیے تیار رہنا۔
3. غور کرنا کہ حکام کے خوف کے بغیر دانشمندی سے کس طرح سے مسیح کی گواہی دی جائے۔

✧

آپ آگے کو کیسے چل رہے ہیں؟

1. گزشتہ سبق کے اہم نکات کیا تھے؟
2. جو کچھ آپ نے سیکھا جب دوسروں کو بتایا تو کیا رونما ہوا؟
3. اِن تعلیمات کے نتیجہ میں آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی؟

دھیان سے پڑھیں اعمال 5: 12-42

مذہبی رہنماؤں نے رسولوں کو پکڑ کر قید میں کیوں ڈال؟ (آیت 17)

سردار کاہن اور اُس کے نائب عہدیداران نے سختی سے منع کر رکھا تھے کہ وہ یسوع کے نام میں منادی نہ کریں (4: 18) ۔ لیکن وہ باز نہ ائے اور انہوں نے گرفتار کر کے اُنہیں قید میں ڈالا۔ اُس رات خداوند نے ایک فرشتہ بھیجا جس نے اُنہیں قید سے آزاد کرایا ۔

رسولوں نے فوراً ہی اگلی صبح سویرے اُٹھ کر کیا کیا؟ (آیت 21)

کیوں ؟(آیات 5: 20 اور 4: 19-20)

اِس سے کیا مراد ہے، ''ہمیں انسانوں کے بجائے خدا کی فرمانبرداری کرنی چاہیے۔ (آیت 29)۔

اصل زندگی کی ممکنہ صوتحال پیش کریں جس کے لیے آپ کے ملک میں ایک ایماندار کو اِس ظابطہ کی پیروی کرنا پڑتی ہے۔

جب لوگ یسوع کے بارے تعلیم دینے پر ہم سے لڑتے ہیں تو درحقیقت وہ کس سے لڑتے ہیں؟(آیت 39)۔

سب سے بڑی مذہبی کونسل سے باہر نکلنے کے بعد رسول خوشی کیوں منا رہے تھے؟

اُنہوں نے کیا کام کرنا جاری رکھا ؟ (آیت 42)۔

متبادل سرگرمیاں

1. دیکھیں اعمال کی کتاب خاص طور پر وہ حصہ جس میں اعمال 5: 12 سے لے کر اعمال 8: 4 شامل ہیں۔ جب آپ اِسے سُنتے ہیں تو مختلف شاگردوں کے ساتھ ایذا رسائی کے نتائج پر غور کریں۔ گروپ میں ہو کر گفتگو کریں کہ چاہے زندگی یا موت ہو اُنہوں نے
2. اُن کے لیے دعا کریں جو اِسوقت ستائے جا رہے ہیں ۔ مانگیں کہ اُن کی آزمائشوں کا چاہیے کوئی بھی انجام ہو وہ خدا کو جلال دیتے رہیں ۔ اِس ہفتہ کے دوران اُن کے لیے دعا کرتے رہیں۔
3. ایذا رسائی کے دنوں میں بظاہر مضبوط نظر آنے والے شاگرد بعض اوقات گھبرا کر تقسیم ہو جاتے ہیں ۔ یاد کریں پطرس نے کس طرح تین بار مسیح کا انکار کیا تھا (دیکھیے لوقا 22: 54-62)۔ ایذا رسائی کے دوران کلیسیا مسیح کے نزدیک کس طرح رہ سکتی ہے؟ ایسے کون سے اقدامات ہیں جو کلیسیا تقسیم اور جھوٹ سے بچنے کے لیےاُٹھا سکتی ہے ؟ گروپ میں ہو کر گفتگو کریں۔

اطلاق

1. ایسی کون سی سرگرمیاں ہیں جن میں آپ کو اپنے خاندان کے اندر، اپنے پڑوسیوں کے درمیان یا حکام کے ساتھ منفی ردعمل کو ہوا دینے کا خطرہ مول لینا مناسب ہے؟ ایک گروپ کے طور پر اس پر بحث کریں۔ پھر، اپنی دیکھ بھال کے لیے خود کو خدا کے سپرد کرتے ہوئے اس اعتماد کے ساتھ دعا کریں کہ وہ آپکو اپنا وہ فضل بخشے جس کی آپکو ضرورت ہے ۔
2. مندرجہ ذیل آیت پر دھیان لگائیں :'' بادشاہ کا دِل خُداوند کے ہاتھ میں ہے۔ وہ اُس کو پانی کے نالوں کی مانِند جِدھر چاہتا ہے پھیرتا ہے۔''(امثال 21: 1)۔ پھر دعا کریں کہ خدا اُن کے دِلوں کو

نرم کرے جو آپکے اپنے خاندان پر، آپ کے اپنے شہر پراختیار رکھتے ہیں۔ اِس ہفتہ اختیار والوں کے لیے دعا کریں۔

3. اگر اس وقت آپ کے گروپ میں کوئی جبر و تشدد کا شکار ہے ، تو ان کے لیے مل کر دعا کریں اور خدا سے مانگیں کہ وہ ان کے دلوں سے خوف دور کر دے اور وہ اپنے ستانے والوں کے آگے دانشمندی سے اپنی گواہی پیش کر سکیں ۔ (اگر گروپ میں کوئی ایسا نہیں ہے جس پر تشدد ہو رہا ہے تو پھر اُن کے لیے دعا کریں جو اِس مشکل میں پھنسے ہوئے ہیں) ۔ آنے والے دنوں میں ان لوگوں کے لیے دعا کرتے رہیں جن پر ظلم ہو رہا ہے۔

4. ایک گروپ کے طور پر گفتگو کریں کہ آپ تشدد زدہ لوگوں کی کس طرح سے انفرادی یا اجتماعی طور پر حوصلہ افزائی اور عملی مدد کر سکتے ہیں۔ خدا سے دعا ہے کہ وہ اس میں آپ کی رہنمائی کرے۔ ایسے اقدام اٹھانے کے لیے فیصلہ کریں کہ اِس کے آغاز کا اطلاق کرنے کے لیے کس کو کیا کرنا ہے یا کون کیا کرے گا۔پھر، دعا کریں کہ آپ آزمائشوں کا سامنا کرنے والوں کے لیے حقیقی حوصلہ افزائی کا بعث بنیں گے۔ ہے‘‘۔

دوسروں کو بتانا

اِس ہفتہ اِس سبق میں آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اُسے دوسروں کو بتائیں۔ آپ اِس سبق کا مطالعہ کسی دوسرے کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔

سبق 5 : یسوع، ہمارے لیے ایذا رسانی کی ایک مثال

نام:_____ تاریخ: _____

سبق کے مقاصد

1. غیر منصفانہ ظلم و ستم اور موت تک کی اذیت کے آگے یسوع کے رویے کو مزید بہتر طور پر سمجھنا ۔
2. صبر، خوشی اور امید کے ساتھ اس کی مثال کی پیروی کرنا قبول کریں ۔
3. خُدا پر بھروسہ کریں کہ وہ ہر آزمائش میں ہمیں مضبوط بنائے اور ہماری مدد کرے اور ہمیں ہمیشہ کی زندگی کے لیے محفوظ کرے۔

✧

آپ آگے کو کیسے چل رہے ہیں؟

1. گزشتہ سبق کے اہم نکات کیا تھے؟
2. جو کچھ آپ نے سیکھا جب دوسروں کو بتایا تو کیا رونما ہوا؟
3. اِن تعلیمات کے نتیجہ میں آپ کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی؟

دھیان سے پڑھیں 1 پطرس 2: 19-25، 4: 12-19 اور 5: 5-11۔

تمام طرح کی ایذا رسانی خدا کے حضور تعریف کے قابل نہیں ہیں۔

وضاحت کریں کہ 1 پطرس 2: 19-21 کے مطابق اِس کے کیا معنی بنتے ہیں؟

پطرس 2: 21 کہتا ہے کہ نا انسافی پر مبنی تکلیفوں میں مسیح کے نقش قدم پر چلنا چاہیے۔

آیت 22-23 کے مطابق مسیح نے اپنے دُکھ دینے والوں کو جواب کیسے دیا؟

دُکھ اُٹھاتے وقت یسوع کا نقطہ نظر کیا تھا جس نے اُسے قائم رکھا؟ (23 ب – 25)۔

آیات 4: 12-19 کو دوبارہ پڑھیں۔ پھر درست جواب پر ٹک کا نشان لگائیں۔ جو شخص یسوع مسیح پر ایمان رکھنے کی وجہ سے دکھ اُٹھاتا ہے وہ...

- ☐ خوشی منا سکتا ہے
- ☐ اُسے حیران ہونا چاہیے
- ☐ وہ روح القدس سے برکت پاتا ہے

☐ اُسے یسوع کا نام لینے کا اعزاز رکھنے کی وجہ سے خدا کی ستائش کرنی چاہیے۔
☐ اُسے شرمندہ نہیں ہونا چاہیے۔
☐ اُسے نیک کام کرنا چھوڑ دینا چاہیے۔
☐ خدا کی مرضی کے مطابق اُسے دُکھ نہیں اُٹھانا چاہیے ۔

ہماری عدالت کااُن کی آنےوالی عدالت سےکس طرح موازنہ کیا جا سکتا ہے جو مسیح کی انجیل کی مخالفت کرتے ہیں؟ (4: 17-18)۔

یہ موجودہ زندگی ہی واحد موقع ہے کہ جب ہم اُس کے نام پر دکھوں کے لیے خدا کو جلال دے سکتے ہیں!

دوبارہ پڑھیں 1 پطرس 5: 6-11

ہمیں اپنی بے چینیوں کے ساتھ کیا کرنا چاہیے؟ (آیت 7)

اِس کا کیا مطلب ہے؟

یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے؟ اِس آیت کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ابھی وقت نکالیں!!!

1 پطرس 5: 9 کے مطابق مندرجہ ذیل میں سے درست بیان کا انتخاب کریں :
☐ مَیں ہی اکیلا ہوں جو مسیح کے لیے اِن دکھوں میں سے گزر رہا ہوں۔
☐ پوری دنیا میں بیشمار بھائی ہیں جو میری طرح مسیح کی کاطر دُکھ اُٹھا رہے ہیں۔
☐ جب مَیں مسیح کے دکھ اٹھاتا ہوں تو مجھے شیطان کا مقابلہ کرکے اپنے ایمان میں مضبوط کھڑا رہنا چاہیے۔

جو دکھ ہم اُٹھاتے ہیں وہ تھوڑے وقت کے لیے ہیں ۔ دُکھاُٹھانے کے بعد خداوند ہمارے ساتھ کیا کرے گا؟(آیت 10)

اپنے پہلے خط میں، پطرس مسیح کی خاطر ایماندار کے طور پر اُٹھائے جانے والے دکھوں کے بارے میں بہت کچھ کہتا ہے۔ اگر آپ کے پاس وقت ہے تو پورا خط پڑھیں اور ان حوالوں کو نوٹ کریں جو براہ راست ایذا رسائی کے بارے میں تعلیم دیتے ہیں۔

Optional activities

1. " فلم Jesus میں مقدمہ کا سلسلہ اور مصلوبیت دیکھیں (لوقا 22: 39 سے 23: 49)۔اور اُن مختلف اذیتوں پر غور کریں جنہیں یسوع نے برداشت کیا اور کیسے رد عمل کا مظاہرہ کیا۔ پھر، دعا کریں کہ جب آپ آزمائشوں اور اذیتوں کا سامنا کرتے ہیں تو آپ مزید یسوع کی طرح بن جائیں۔
2. پرستش کا گیت گائیں، آپکی کی نجات کے لیے صلیب کو برداشت کرنے کے لیے یسوع کا شکریہ ادا کریں۔ آپ نیچے دی گئی فہرست میں سے ایک گیت یا اپنی پسند کا کوئی گیت منتخب کر سکتے ہیں:
   - گراہام کینڈرک کی طرف سے تو آسمان سے آیا تھا
   - بروک لین ٹیبر نیکل کی کوائر کی طرف سے خداوند تیری صلیب کا شکریہ
   - اسپرنگ ہارویسٹ اجتمائی عبادت سے جب دیکھتا ہوں تیری خوبصورت صلب کو
   - اسٹیورٹ ٹاؤن سینڈ کی طرف سے یہ تیری صلیب کی قدرت ہے
   - نایکل ڈبلیو اسمتھ کی طرف سے سب سے بالا تر

اطلاق

1. مسیح کے نقطہ نظر سے مطا بقت کے لیے خدا ایذا رسانی کے بارے میں آپ کے رویے کو کیسے بدل رہا ہے؟ ایک گروپ کے طور پر اس پر بحث کریں۔ پھر، مل کر دعا کریں کہ جب آپ مخالفت کا سامنا کرتے ہیں تو زیادہ سے زیادہ مسیح کی مانند بنتے جائیں۔ ان ایمانداروں کے لیے بھی یہی مانگیں جو اس وقت ستائے جا رہے ہیں۔ آنے والے دنوں میں اس کے لیے لگتار دعا کرتے رہیں۔
2. اعمال 9: 25 میں، ہم مقامی کلیسیا کو موت سے بچنے میں مستقبل کے رسول پولُس کی مدد کرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے اسے دیوار سے ایک ٹوکری میں لٹکا کر نیچے اُتارا ۔ ہمیں آگے بڑھتے ہوئے دکھوں کا سامنا کرنے والوں کی مدد کے لیے مل کر کیسے کام کرنا چاہیے؟ ایک گروپ کے طور پر اس پر بحث کریں اور خدا سے کہیں کہ وہ آپ کو دکھائے کہ انفرادی یا اجتماعی طور پر یا آپکی مقامی کلیسیا سے کیا کام لینا چاہتا ہے، خاص طور پر کسی ظلم کا شکار بھائی یا بہن کی خطرے میں مدد کرنے کے لیے۔ اگر ایسا ہے تو، فیصلہ کریں کہ اس پر عمل درآمد کے لیے کون سے اقدامات کیے جائیں اور، اگر قابل اطلاق ہوں، تو کس کو کیا کرنا ہے ۔ اس کے بعد، اس عمل کو دعا میں خداوند کے آگے رکھیں۔

کورس 105 کا تجزیہ

اس کورس کے پانچوں اسباق کا جائزہ لیں۔ آپ نے جو چیز سب سے زیادہ مددگار سیکھی ہے وہ کیا ہے؟ گروپ کے ساتھ اپنی دریافتوں کا اشتراک کریں۔
طلباء سے کہیں کہ وہ 3-5 منٹ کے پیغامات پیش کریں جو انہوں نے ایک آیت کی بنیاد پر تیار کیے ہیں جس نے انہیں خاص طور پر مضبوط ی بخشی اور جو انہوں نے حفظ کیا ہے ۔ اس کورس کے ذریعے جو کچھ سیکھا ہے ان کے پیغام کو گروپ میں موجود دوسروں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے اور اس بات کی گواہی بھی شامل ہونی چاہیے کہ اس نے ان کی زندگیوں پر کیا اثر ڈالا ہے۔

دوسروں کو بتانا

اِس ہفتہ اِس سبق میں آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اُسے دوسروں کو بتائیں۔ آپ اِس سبق کا مطالعہ کسی دوسرے کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔

